قومی احتساب بیورو

(اسلام آباد)

****

Dated: 6th February, 2026

پریس ریلیز

پاکستان اور ازبکستان کے درمیان بدعنوانی کے خلاف مشترکہ کوششوں کو بڑھانے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط۔

ازبکستان کی اینٹی کرپشن ایجنسی (ACAU) اور پاکستان کے نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو (NAB) نے بدعنوانی کے خلاف مشترکہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لیے مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے۔ یہ دستخط دفتر اعلی اسلام آباد میں ایک تقریب کے دوران ہوئے، جس سے دونوں ممالک کے اقوام متحدہ کے انسداد بدعنوانی کنونشن (UNCAC) سے وابستگی اور مشترکہ عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

یہ مفاہمت کی یادداشت NAB کے ڈپٹی چیئر مین، جناب سہیل ناصر، اور صدر ازبکستان کے مشیر برائے خارجہ پالیسی، عبدالعزیز کامیلوو کے نمائندے نے سینئر افسران کی موجودگی میں دستخط کی اس معاہدے میں دونوں ایجنسیوں کے درمیان ادارہ جاتی ہم آہنگی، تعاون اور استعداد کار میں اضافے کے لیے ایک جامع لائحہ عمل فراہم کیا گیا ہے تاکہ بدعنوانی کے تدارک میں مدد مل سکے۔

اس تعاون کے اہم پہلوؤں میں دونوں ممالک میں بدعنوانی کے طریقہ کار اور جدید رجحانات کے حوالے سے معلومات کا تبادلہ شامل ہے۔ اس میں فنی و منہجی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ماہرین اور افرادی قوت کا تبادلہ بھی کیا جائے گا۔ فارنزک، اثاثوں کی تفتیش، فارنزک انجینئرنگ اور منی لانڈرنگ کے شعبے میں معاون ہیں۔ اس تعاون میں صلاحیتوں کی تعمیر اور عوامی آگاہی کے پروگرام بھی شامل ہیں۔

دونوں ممالک کی اینٹی کرپشن ایجنسیوں کے سربراہوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ یہ مفاہمت کی یادداشت دونوں ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم کرے گی اور احتساب کے عمل کی افادیت کو بڑھائے گی۔

ڈپٹی چیئرمین NAB نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بدعنوانی اقتصادی ترقی اور اعتماد عامہ کے حصول کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مالی جرائم اور غیر قانونی اثاثوں کی سرحد پار نوعیت کے پیش نظر بین الاقوامی سطح پر جامع معاونت ضروری ہے۔

مفاہمت کی اس یادداشت پر دستخط پاکستان اور ازبکستان کے تعلقات میں ایک اہم قدم ثابت ہوں گے اور دونوں ممالک کے اس عزم کی عکاس ہے کہ وہ شفافیت اور اچھے حکومتی نظام کو فروغ دیں گے۔